# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 16 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۶ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ ذاتی مفاد سے زیادہ قومی مفاد کو فوقیت دیں ‘ نائب صدر جمہوریہ کی اپیل

☆ ملک بھر میں 2 رکروڑ مکانات الاٹ کرنے کا وزیر اعظم کے ہاتھوں آغاز

☆ مرکزی و ریاستی حکومت کسانوں کے مفاد میں نہیں ہے ‘ شرد پوار

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ مکتی سنگرام سے متعلق تصاویر پر مبنی نمائش کا اہتمام

اور

☆ آج منائی جارہی ہے عید میلاد النبی

اب خبریں تفصیل سے...

ذاتی مفاد کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیں۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے یہ اپیل کی ہے۔ وہ کل ریاست بھر کے 434 رصنعتی تربیتی اِداروں میں قائم کیے گئے سنوِدھان مندروں کا افتتاح کرنے کے بعد اظہارِخیال کررہے تھے۔ یہ افتتاح ممبئی کے ایلفنسٹن کالج سے آن لائن طریقے کیا گیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کا آئین ایک جامع آئین ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں اِس کے بنیادی اصولوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ جناب دھنکھڑ نے مزید کہا کہ جمہوریت کے عالمی دن کے موقعے پر سنوِدھان مندروں کا افتتاح کرنا یہ ایک یادگار لمحہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِن مندوروں کے سبب دستور سے متعلق واقفیت میں مزید اضافہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ آئین میں دیئے گئے ریزرویشن کی کچھ لوگ مخالفت کرتے ہیں تاہم ریزرویشن بھارتی آئین کی روح ہے۔ اپنی مخاطبت میں جناب دھنکھڑ نے نوجوانوں کو ملک کا نام روشن کرنے کی ترغیب بھی دی۔

***** ***** *****

دوسری جانب نائب صدر جمہوریہ نے کل ناگپور میں رام دیو بابا ڈیمڈ یونیورسٹی کے ڈِجیٹل ٹاور کا بھی افتتاح کیا۔ اِس 12 رمنزلہ ڈجیٹل ٹاور میں کمپیوٹر سائنس اور اِنجینئرنگ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جدید تیکنالوجی دستیاب کی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ جناب دھنکھڑ نے اپنی اہلیہ ڈاکٹر سُدیش دھنکھڑ کے ساتھ '' ایک درخت ماں کے نام '' مہم کے تحت مذکورہ یونیورسٹی کے احاطے میں شجرکاری بھی کی۔

***** ***** ****

مرکزی حکومت کے رفاہی منصوبوں کے تحت ملک بھر میں تعمیر کیے گئے 2 رکروڑ مکانات کل وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں الاٹ کیے گئے۔ یہ تقریب جھارکھنڈ کے رانچی میں منعقد کی گئی تھی۔ اِس موقعے پر 46 ر ہزار مستفیدین کے پہلی مرتبہ گھر میں داخلہ جشن کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ مذکورہ منصبوں کے مستفیدین کے بینک کھاتوں میں مجموعی طور پر 32 ر ہزار کروڑ روپئے کی پہلی قسط بھی جمع کی گئی۔ اِسی طرح وزیراعظم رہائش اسکیم ( دیہی ) کے تحت 20 ر ہزار مستفیدین میں وزیراعظم کے ہاتھوں ہاؤسنگ کی منظوری کے اجازت نامے بھی تقسیم کیے گئے۔ اِس کے علاوہ وزیراعظم نے اِس تقریب میں 6 ر وندے بھارت ٹرینوں کو بھی ہری جھنڈی دکھائی۔

***** ***** *****

دھنگر برادری کو درج فہرست جماعتوں کے زمرے میں شامل کرنے کے لیے مثبت اقدام کیے گئے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ بات کہی۔ انھوں نے بتایا کہ یہ کام قانونی اعتبار سے درست ہوگا اور اِس میں دیگر طبقات کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کل سکل دھنگر سماج رابطہ کمیٹی کے وفد کے ساتھ ملاقات کی۔ اِس موقعے پر وہ اظہارِ خیال کر رہے تھے۔

***** ***** *****

رکن پارلیمان شرد پوار نے کہا ہے کہ مرکز و ریاستی حکومت کسانوں کے مفاد میں نہیں ہے۔ وہ کل دھولیہ ضلعے کے سندھ کھیڑ میں منعقدہ کسانوں کے اجلاس میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کو کسانوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ جناب شرد پوار نے مزید کہا کہ ریاست میں خواتین محفوظ نہیں ہے۔

***** ***** *****

گزشتہ روز اِنجینئروں کا قومی دن منایا گیا۔ اِسی مناسبت سے ناگپور میں منعقدہ تقریب میں تعمیرات عامہ کے وزیر رویندر چوہان کے ہاتھوں ریاستی سطح کے بہترین اِنجینئرس کو اعزاز سے نوازا گیا۔ اِسی طرح نان ٹیکنیکل ملازمین کو بھی ایوارڈس سے نوازا گیا۔ اِس موقعے پر جناب رویندر چوہان نے کہا کہ شعبہ تعمیرات عامہ میں ملک کی تعمیر کی صلاحیت ہوتی ہے۔

***** ***** *****

آج خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا یوم پیدائش عید میلاد النبی منائی جا رہی ہے۔ اِسی مناسبت سے آج میلاد ﷺ محافل اور سیرت مجالس کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اِسی طرح جلوس محمدی کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے اہل وطن کو عید میلاد النبی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

***** ***** *****

عیدامیلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے آج چھترپتی سنبھاجی نگر ، ناندیڑ اور پربھنی میں چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔تینوں اضلاع کے کلکٹرس نے اِس بارے میں کل اطلاع نامہ جاری کیا ۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں آئندہ 18/تاریخ بُدھ کے روز عید میلاد النبی ﷺ منائی جائے گی۔ اُس دن وہاں چھٹی اعلان کیا گیا ہے۔ بیڑ ضلع کلکٹر نے کل اِس خصوص میں اطلاع نامہ جاری کیا۔

***** ***** *****

کل گنیش اُتسو کا اختتام ہو جائے گا۔گنیش وِسرجن کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے منتظم نیز کمشنر جی شری کانت نے گنیش وِسرجن کے لیے تیار کیے گئے کنویں اور عارضی تالابوں کا کل معائنہ کیا اور ضروری ہدایات دیں۔

***** ***** *****

لاتور میں گنیش وِسرجن جلوس کے لیے عوام کی سہولت اور حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے شہر کے وِسرجن جلوس راستوں پر آمد و رفت بند کر کے متبادل راستوں کی سمت موڑ دی جائے گی۔انتظامیہ نے اطلاع دی ہے کہ کل صبح 10/بجے سے رات 11/بج کر 55/منٹ تک متبادل راستے کھلے رہیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر برائے ہاؤسنگ اتُل ساوے نے کہا ہے کہ مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام کی جدوجہد اور قربانیوں کی تاریخ سے اگلی نسلوں کو واقف کروانا چاہیے۔مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام سے متعلق تصاویر پر مبنی ایک نمائش چھترپتی سنبھاجی نگر کے سدارتھ گارڈن میں لگائی گئی ہے۔اِس نمائش کی افتتاحی تقریب میں وہ کل اظہارِ خیال کر رہے تھے۔اِس تقریب میں رکن پارلیمان بھاگوت کراڈ اور ضلع کلکٹر دلیپ سوامی بھی موجود تھے۔

اِس موقعے پر ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ساتھ ہی اُنھوں نے نوجوانوں سے مُکتی سنگرام کی تاریخ سے واقفیت حاصل کرنے کی بھی اپیل کی۔

یہ نمائش اطلاعات و نشریات کی مرکزی وزارت اور چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے اشتراک سے لگائی گئی ہے۔ یہ نمائش آئندہ کل یعنی 17 ر تاریخ تک صبح 9 ر بجے سے شام 6 ر بجے تک عوام کے لیے کھلی رہے گی۔

***** ***** *****

کل منائے جانے والے مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام کی سرکاری پرچم کشائی چھترپتی سنبھاجی نگر کے سدھارتھ گارڈن میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں کی جائے گی۔ مُکتی سنگرام دن کی مناسبت سے سہیادری چینل پر آج دوپہر 2 ر بجے ''مُکتی سنگرام کہانی مراٹھواڑے کے جدو جہد کی'' نامی دستاویزی فلم دکھائی جائے گی۔ ثقافتی امور کے ریاستی وزیر سُدھیر منگنٹی وار نے شہریان سے یہ فلم دیکھنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے نگراں وزیر دھننجئے مُنڈے نے کہا ہے کہ کاشتکار اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لیے زراعت کے ساتھ ساتھ مویشی پروری بھی کریں۔ وہ کل بیڑ ضلعے کے پرلی تعلقے میں موہا اور سرساڑا کے مقام پر جانوروں کے دواخانوں کا افتتاح کرنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اِن دواخانوں میں جانوروں کی سونوگرافی اور ایکسرے مشینیں بھی مہیا کی گئی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے لیے چھترپتی سنبھاجی نگر میں بھوک ہڑتال کر رہی راج شری اُمبرے نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کر دی ہے۔ اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسرکر اور ضلعے کے نگراں وزیر عبدالستار سے بات چیت کرنے کے بعد کل انھوں نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کر دی۔ خیال رہے کہ اُمبرے گزشتہ 14 ر دنوں سے کرانتی چوک پر بھوک ہڑتال کر رہی تھیں۔

***** ***** *****

پربھنی میں کل دھنگر سماج کی جانب سے میگھالیہ کے گورنر سی ایچ وِجئے شنکر کا استقبال کیا گیا ہے۔ یہ تقریب وسنت راؤ نائک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی میں منعقدہ کی گئی تھی۔ اِس موقعے پر اپنے خطاب میں میگھالیہ کے گورنر نے کہا کہ انفرادی اور سماجی ترقی کے لیے تعلیم نہایت ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ تعلیمی اِداروں کو معاشی ترقی پر بھی زور دینا چاہیے۔ اِس تقریب میں رکن اسمبلی رام پرساد بورڈیکر ' ڈاکٹر رتنا کر گُٹّے ' رکن اسمبلی میگھنا بورڈیکر اور وائس چانسلر ڈاکٹر اِندر منی موجود تھے۔

***** ***** *****

جائیکواڑی ڈیم میں 99 ٪ فیصد سے زیادہ پانی ذخیرہ ہو چکا ہے۔ ڈیم میں فی الحال ڈھائی ہزار مکعب فیٹ فی سیکیڈ کی رفتار سے پانی کی آمد جاری ہے۔ ڈیم کے دائیں حصے سے پانی کا اخراج کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **ذاتی مفاد سے پہلے قومی مفاد کو فوقیت دیں ' نائب صدر جمہوریہ کی اپیل**

☆ **ملک بھر میں 2 ٪ کروڑ نئے مکانات الاٹمنٹ کا وزیر اعظم کے ہاتھوں آغاز**

☆ **مرکزی و ریاستی حکومت کسانوں کے مفاد میں نہیں ہے ' شرد پوار**

☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ مکتی سنگرام سے متعلق تصاویر پر مبنی نمائش کا اہتمام**

**اور**

☆ **آج منائی جا رہی ہے عید میلاد النبی**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆